شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

23 مئی 2023ء

پریس ریلیز

مقبوضہ کشمیر میں G-20 اجلاس کے انعقاد سے بھارت اور مغربی سامراج کا گٹھ جوڑ کھل کر سامنے آگیا۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور (پ ر): مقبوضہ کشمیر میں G-20 اجلاس کے انعقاد سے بھارت اور مغربی سامراج کا گٹھ جوڑ کھل کر سامنے آگیا۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ بھارت نے سری نگر میں G-20 اجلاس کا انعقاد کرکے ایک مرتبہ پھر ثابت کر دیا ہے کہ وہ کشمیر پر ناجائز اور غاصبانہ قبضے کو دوام دینے کے لیے ہر حد تک جانے کو تیار ہے۔ اُنہوں نے حیرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ امریکہ، برطانیہ اور دیگر مغربی ممالک ایک طرف تو دنیا بھر کو انسانی حقوق کا درس دیتے ہیں لیکن خود مقبوضہ کشمیر میں 75 سال سے جاری بہیمانہ بھارتی ظلم و ستم سے صرفِ نظر کرتے ہیں اور کشمیر پر اقوامِ متحدہ کی قرار دادوں کو پاؤں تلے روندتے ہوئے G-20 کے اس اجلاس میں شریک ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ دنیا بھر میں مسلمانوں پر ہونے والے ظلم کے حوالے سے مغرب کا مکروہ چہرہ اور دہرا معیار ایک مرتبہ پھر کھل کر سامنے آگیا ہے۔ اُنہوں نے سعودی عرب، چین، ترکی اور انڈونیشیا کے مقبوضہ کشمیر میں جاری G-20 اجلاس کو بائیکاٹ کرنے کے فیصلہ کو خوش آئند قرار دیا۔ حقیقت یہ ہے کہ سری نگر میں G-20 اجلاس کے انعقاد کے خلاف دنیا بھر میں عوامی مظاہرے درحقیقت طاقت کے نشے میں چُور بھارت کے منہ پر ایک زوردار طمانچہ ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ ہم وزیر خارجہ پاکستان کے اس بیان کی تائید کرتے ہیں کہ مسئلہ کشمیر تقسیم ہند کا نامکمل ایجنڈا ہے۔ پھر یہ کہ قائداعظم نے کشمیر کو پاکستان کی شہ رگ قرار دیا تھا۔ لہٰذا ضرورت اس امر کی ہے کہ کشمیر پر بھارت کے غاصبانہ قبضہ کے حوالے سے پاکستان جارحانہ سفارتی پالیسی اختیار کرے۔ بھارت کے مکمل معاشی اور سفارتی بائیکاٹ کے لیے ہم خیال ممالک کو اکٹھا کرنے کے لیے اپنا کردار ادا کرے۔ بھارت کو جب بڑے پیمانے پر معاشی اور سفارتی سطح پر زک پہنچے گی تو وہ کشمیر کے مسلمانوں پر جاری ظلم کو روکنے پر مجبور ہو جائے گا۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: 24 May, 2023

"The G20 summit in Occupied Kashmir has fully exposed the foul alliance between India and Western imperialism."

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): "The G20 summit in Occupied Kashmir has fully exposed the foul alliance between India and Western imperialism."

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer said that India has once again shown that it is adamant on prolonging its unlawful and oppressive annexation of Kashmir by holding the G20 summit in Srinagar. He expressed surprise and said that on the one hand the US, UK and other western nations lecture the world on human rights, while on the other, turn a blind eye to Indian persecution in Occupied Kashmir ongoing for over 75 years, and are participants in this G20 summit, completely disregarding the UN's resolutions on the Kashmir issue. The reality is that the West's evil face and double standards in matters pertaining to the oppression of Muslims around the world has once again been unmasked. He lauded the decision of Saudi Arabia, China, Turkey and Indonesia to boycott the ongoing G20 summit in Kashmir. The fact of the matter is that public protests against the G20 summit in Srinagar around the globe are collectively a slap on the face of India, drunk with power. He said that we agree with the statement of the Foreign Minister of Pakistan that the Kashmir issue is an incomplete agenda of the partition of the subcontinent. Furthermore, Quaid-e-Azam declared Kashmir the jugular of Pakistan. Thus, the need of the hour is that Pakistan should adopt an aggressive foreign policy with regards to the oppressive occupation of Kashmir by India. It should also play its role in gathering like-minded nations for a complete economic and diplomatic boycott of India. India will be forced to stop its oppression of the Kashmiri Muslims in the case that it suffers economic and diplomatic losses on a considerable scale.

Issued by:
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim Nashr o Ishaat
Tanzeem e Islami Pakistan